اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

18صفر1448ھ	فیضان مدینہ کراچی	01،اگست2026ء

سوال: ایک عورت کس طرح اچھی ماں بن سکتی ہے؟

جواب: جو عورت اچھی ماں بننا چاہتی ہے، اُسے اپنے **اخلاق اچھے کرنا ہوں گے**، ماں کی گود بچے کے لیے پہلا مدرسہ اور تربیت گاہ ہے۔ **گناہوں اور بداخلاقی کے تمام انداز چھوڑنے ہوں گے، آپس کے گھریلو جھگڑوں سے بچنا ہوگا**۔ماں کا کردار اچھا ہوگا تو اس کی گود میں **اولیا، علماء اور صلحاء** پلیں گے (یعنی پرورش پائیں گے)۔ماں کی اِصلاح ہو جائے تو معاشرے میں بہت فرق آجائے گا۔ دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول سے باقاعدہ وابستہ ہو جائیں، گھر میں صرف **مدنی چینل** ہی چلائیں، **اسلامی پردے کا نفاذ** کریں۔ شرعی پردے سے متعلق ضروری معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کے چند رسائل مثلاً **اسلامی پردہ، صحابیات اور پردہ** اور کتاب **پردے کے بارے میں سوال جواب** پڑھیں۔

سوال: امیر اہل سنت **مولانا الیاس قادِری** دامت برکاتہم العالیہ کی **والدہ محترمہ کا یومِ وصال** کس تاریخ کو ہے؟

جواب: 17صفر شریف۔

سوال: امیر اہل سنت نے کس رسالے کے بارے میں بریل لینگویج (Braille Language) میں مکتبۃ المدینہ سے شائع ہونے کا فرمایا ہے؟

جواب: تذکرۂ امام احمد رضا۔

سوال: ایصالِ ثواب کرنا کیسا عمل ہے؟

جواب: نیک عمل کا ثواب جس کو اِیصال کریں تو اُسے پہنچے گا اور **ایصالِ ثواب کرنے کا ثواب بڑھ جائے گا۔**

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جس مُردے کو زندہ فرمایا تھا وہ کون تھے؟

جواب: **حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے سام تھے**، جنہیں فوت ہوئے 400 سال گزر چکے تھے

سوال: سوشل میڈیا میں یہ بات عام ہے کہ **ملک الموت کی کال** کسی بھی وقت آپ کو آ سکتی ہے، آپ ہر وقت اس کے لیے تیار رہیں؟

جواب: اس میں ایک حقیقت بیان کی گئی ہے کہ **موت کسی وقت بھی آ سکتی ہے۔** جب عمر مکمل ہو جائے گی تو ملک الموت حضرت عزرائیل علیہ السلام کی کال نہیں آئے گی بلکہ **فوراً اس کی روح قبض ہو جائے گی۔** کہا جاتا ہے کہ ملک الموت علیہ السلام ہر بندے کے چہرے کو روزانہ 70 مرتبہ دیکھتے ہیں، جس کی عمر ختم ہوتی ہے تو اس کی روح نکال لیتے ہیں۔ اسی لیے بزرگ (اللہ پاک کے نیک بندے) اپنی **ہر نماز کو آخری نماز** سمجھ کر پڑھتے تھے۔

سوال: مومن کی عزت کتنی زیادہ ہے؟

جواب: **مومن کی عزت کعبہ شریف سے بڑھ کر ہے۔** نبیِ کریم صلی اللہ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے کعبہ شریف کو مخاطب کر کے فرمایا: اے کعبہ تُو کیسا پاکیزہ ہے! تیری خوشبو کیسی پاکیزہ ہے! تُو کیسا عظیم ہے! تیری عزّت بھی کتنی بلند ہے! اُس ذات کی قسم! جس کے قبضے میں محمد (صلی اللہ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم) کی جان ہے، **بے شک ایک مؤمن کی عزّت اللہ پاک کے ہاں تیری عزّت سے زیادہ ہے۔** (سنن ابن ماجہ، ص 633، حدیث: 3932)

سوال: اعلیٰ حضرت کی کیا خصوصیات ہیں؟

جواب: اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنت **امام احمد رضا خان** رحمۃ اللہ علیہ **نعت گو شاعر** ہونے کے ساتھ **بہت بڑے عالم، بہت بڑے مفتی اور بہت بڑے مصنف** وغیرہ کئی خصوصیات رکھتے تھے۔

سوال: جو بہت جھوٹ بولتا اور غیبت کرتا ہو، اُس سے کس طرح پیچھا چھڑوائیں؟

جواب: ایسے کو جھوٹ اور غیبت سے بچنے کی دعوت دیں، منع نہ کر سکیں تو **اس کی بات دلچسپی سے نہ سنیں۔ ہوسکے تو وہاں سے ہٹ جائیں**۔ ایسے کی صحبت بہت خطرناک ہے، ایسے کی بُرائی کا سایہ ہم پر نہیں پڑنا چاہئے۔ (**غیبت اور جھوٹ** سے متعلق ضروری معلومات حاصل کرنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "**غیبت کی تباہ کاریاں**" اور رسالہ "**جھوٹا چور**" پڑھیں)۔

سوال: رزق کتنی طرح کا ہوتا ہے؟

جواب: **رزق کی مختلف صورتیں** ہیں، اس کی ایک صورت سانس بھی ہے جس کی وجہ سے ہم زندہ ہیں۔ یہ اللہ پاک کی نعمت کا نظارہ ہے، بندے کو چاہئے کہ وہ اللہ کی بارگاہ میں جُھکا رہے اور ڈرتا رہے۔

سوال: کیا ڈاکٹر کو مریض کی پوری بات سُننی چاہئے؟

جواب: **ڈاکٹر کا مریض کی پوری بات سننا بعض اوقات اس کا علاج ہوتا ہے**۔ ڈاکٹر کو صبر وضبط کے ساتھ بات سُننی چاہئے، موقع محل کے مطابق سر ہِلاتا رہے اور رپلائی کرتا رہے۔ مریضوں کو بھی چاہئے کہ ضرورت کی بات کریں۔ ماہرِ نفسیات ڈاکٹر تو مریض کی پوری بات سن کر ہی اس کا علاج کرتے ہیں۔ بعض اوقات مریض اپنی بھڑاس نکال دیتا ہے تو اس کا کافی علاج ہو جاتا ہے۔

سوال: درخت کی حفاظت کیوں ضروری ہے؟

جواب: اگر درخت ہماری زندگی سے نکل جائیں تو ہماری زندگی تباہ ہو جائے، کئی ایک مسائل درخت زیادہ کٹنے کی وجہ سے ہیں، دعوتِ اسلامی کے دِینی ماحول میں "**ماہ اگست ماہِ شجر کاری**" منایا جاتا ہے۔ ایک نعرہ ہے: **ہر بشر ایک شجر** (یعنی اس شجر کاری مہم میں اگر ہر بندہ کم از کم 1 پودا لگائے تو دنیا بھر میں لاکھوں کروڑوں درخت لگ سکتے ہیں)۔ جو اچھی نیت کے ساتھ درخت کی حفاظت کرے گا تو ثواب پائے گا، **پودا لگانا ہے درخت بنانا ہے۔** دعوتِ اسلامی کے شعبے **FGRF** کے تحت اب تک قریباً **35 لاکھ پودے** لگائے جا چکے ہیں۔ (درخت لگانے کے فضائل سے متعلق مزید معلومات جاننے کے لیے مکتبۃ المدینہ کا رسالہ "**درخت لگائیے ثواب کمائیے**" پڑھیں)۔

سوال: اِس ہفتے کا رِسالہ "**اللہ والوں کے 12 واقعات** (قسط: 1)" پڑھنے یا سُننے والوں کو امیر اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا دُعا دی؟

جواب: یااللہ پاک! جو کوئی 20 صفحات کا رسالہ "**اللہ والوں کے 12 واقعات** (قسط: 1)" پڑھ یا سُن لے، اُسے اپنے نیک بندوں کا خاص فیضان عطا فرما کر ماں باپ اور خاندان سمیت جنّت الفردوس میں بے حساب داخلہ نصیب فرما۔

اٰمِیْن بِجَاہِ خاتم النّبیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم